© rasailojaraid.com


# سفرِ حج اور سفر آخرت

امام غزالیؒ

اے دوست! خانہ کعبہ خدائے عزوجل کا گھر ہے' یہ زمین و آسمان کے بادشاہ کا دربار ہے۔ تم اس کے دربارِ شاہی میں جا رہے ہو' گویا اس ہی کی زیارت کو جا رہے ہو۔ بے شک اس دنیا میں تمہاری آنکھ دیدارِ الٰہی کی استعداد نہیں رکھتی۔ لیکن بیت اللہ کا قصد کرنے سے' اس گھر کی زیارت کرنے سے' اس ہی کے وعدہ کے بموجب' تمہیں آخرت میں رب البیت کا دیدار نصیب ہوسکتا ہے۔ حج کا یہ سفر بالکل آخرت کے اس سفر کی طرح ہے جس کے بعد اس کا دیدار ہوگا۔ دیکھو آج کا یہ سفر ضائع نہ ہو' تاکہ آخرت میں مقصود' زیارت' یعنی دیدار الٰہی' ہاتھ سے نہ جانے پائے۔ ہر گام سفر آخرت کو یاد رکھو' آخرت کی تیاری کرو' تب ہی مقصودِ سفر حاصل ہوگا۔

اے دوست! یاد رکھو' اس سفر کی اصل سواری شوق کی سواری ہے۔ جتنی شوق کی آگ تیز ہوگی' اتنی ہی مقصد تک رسائی یقینی ہوگی۔ اللہ سے خوب محبت کرو۔ جس دل میں اللہ سے محبت ہوگی' اس دل میں دیدارِ کعبہ کا شوق بھڑک اٹھے گا' کہ وہ محبوب کے دیدار کا وسیلہ ہے۔ محبوب سے جس چیز کو بھی نسبت ہوجائے' محبت کرنے والے کو وہ چیز جان و دل سے محبوب ہوجاتی ہے۔ اس کا شہر' اس کی گلی' اس کا گھر' اس کا در۔ کعبہ کو اللہ تعالیٰ نے "میرا گھر" کہا ہے' اگرچہ وہ اس سے پاک ہے کہ کسی گھر میں رہے۔ جب محبوبِ لامکان نے ایک مکان کو اپنا گھر بنا لیا ہے' تو کوئے یار تک پہنچنے کے لیے شوق سے بے تاب دل کی رفاقت سب سے بڑھ کر حصولِ مقصد کی ضامن ہے۔

تم اگر خانہ کعبہ کے مشتاق اس لیے ہو کہ وہ اللہ کا گھر ہے' تو صرف اسی نسبت سے اس کا سفر کرو۔ گویا اپنی نیت اور ارادہ صرف اللہ کے لیے خالص کر لو۔ خوب یاد رکھو کہ بجز خالص کے کوئی ارادہ اور کوئی عمل اس کے ہاں قبول نہیں۔ پس خاص طور پر' جس بات میں ریا ہو اور


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com


شہرت کی تلاش ہو' اس کو ترک کردو۔ اس سے بری بات کیا ہو سکتی ہے کہ سفر تو بادشاہ سے ملاقات کے لیے ہو' اور مقصود اس کے سوا کچھ اور ہو۔ دل میں بیت اللہ اور رب البیت کا مقام پہچانو گے' اور یاد رکھو گے' تو پھر ارادہ اس سے کسی کم تر چیز کا نہ کرو گے۔

سفرِ حج بھی' ہر سفر کی طرح' ترکِ علائق سے شروع ہوتا ہے۔ گھر چھوڑتے ہو' گھر والے چھوڑتے ہو' مال و تجارت ترک کرتے ہو' وطن سے جدا ہوتے ہو۔ مگر اس سفر میں کامیابی کے لیے سب سے پہلے ان حقوق سے تعلق منقطع کرو جو دوسروں کے اپنے ہاتھوں میں دبا رکھے ہیں' اور ایسے سارے حقوق حق داروں کو واپس کردو۔ یاد رکھو' ذرہ برابر ظلم بھی اگر کسی پر کیا ہے تو وہ تمہارا قرض خواہ ہے۔ وہ تمہارا گریبان پکڑ کر کہتا ہے ' تم کہاں جاتے ہو' شرم نہیں آتی کہ جاتے ہو شہنشاہ کے گھر' اور اپنے گھر میں اس کے حکم کو اس قابل بھی نہیں سمجھتے کہ اس کی تعمیل کرو' ڈرتے نہیں کہ اتنے گناہوں کے ساتھ کہیں وہ تمہیں واپس نہ کردے۔ اس لیے' اگر اپنی زیارت کی قبولیت چاہتے ہو تو خالص توبہ کرکے ہر گناہ سے تعلق توڑ لو' حقوق جو ظلم سے لیے ہیں واپس کردو' اور اللہ کے حکم کی تعمیل میں لگ جاؤ۔

اپنے دل کا علاقہ ماسوا اللہ سے بھی منقطع کرلو' اور جس طرح اپنے سفر کا رخ اس کے گھر کی طرف کرلیا ہے' اپنے دل کا رخ اسی کی طرف کرلو۔ وطن سے تعلق اس طرح منقطع کرلو جیسے پھر لوٹ کر نہ آؤ گے' اہل و عیال کے لیے وصیت لکھ کر جاؤ۔ سفر کا ساماں کرتے ہو' تو اتنا خرچ ساتھ لینے کا اہتمام کرتے ہو کہ کسی جگہ کمی نہ پڑے۔ یاد رکھو کہ آخرت کا سفر اس سفر کی بہ نسبت کہیں زیادہ طویل اور کٹھن ہے' اور اس سفر کا سامان تقویٰ ہے۔ تقویٰ کے علاوہ ہر مال و اسباب دغا دے گا' اور موت کے وقت پیچھے رہ جائے گا۔ اس فکر اور کوشش میں رہو کہ اعمالِ حج میں ایسی آمیزش یا نقص نہ آجائے کہ وہ موت کے بعد تمہارا ساتھ نہ دیں' اور اس سفر سے تم سفرِ آخرت کے لیے تقویٰ کا زادِ راہ زیادہ سے زیادہ جمع کرلو۔

اے دوست! اہل و عیال اور مال و اسباب سے رخصت ہو کر جب سواری پر سوار ہو' تو اللہ کا شکر ادا کرو جس نے خشکی پر' پانی میں' ہوا میں' ہر قسم کی سواری کو تمہارے لیے مسخر کردیا۔ حج کی سواری پر نظر پڑے' تو اپنے جنازہ کو نگاہوں کے سامنے رکھو' جس پر سوار ہو کر ایک روز آخرت کی طرف کوچ کرنا ہوگا۔ آج حج کی سواری پر سفر اس طرح کرو کہ جنازہ پر سفر کرنا آسان ہو۔ کیا معلوم کہ موت' سفرِ حج سے بھی زیادہ قریب ہو۔

اے دوست! احرام کے لیے چادریں خریدو' تو وہ دن یاد کرو جب تم کفن کی دو بے سلی

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



چادروں میں لپیٹے جاؤ گے۔ ہو سکتا ہے کہ حج کا سفر پورا نہ ہو اور راستے ہی میں موت آجائے' مگر کفن میں لپٹ کر اللہ تعالیٰ سے ملاقات تو یقینی ہے۔ جس طرح اللہ کے گھر کی زیارت روز مرہ کا لباس اتار کر اس سے مخالف لباس پہنے بغیر نہیں ہو سکتی' اللہ کی زیارت بھی اس کے بغیر نہ ہوگی کہ دنیا کو اتار کر اس سے مخالف لباس میں ملبوس ہو جاؤ۔

اے دوست ! شہر سے نکلتے ہو تو' اہل و عیال اور وطن سے جدا ہو کر' ایسے سفر پر جاتے ہو جو دنیا کے اور سفروں سے کوئی مشابہت نہیں رکھتا۔ سوچنا چاہیے کہ میرا مقصد کیا ہے' میں کہاں جا رہا ہوں' اور کس کی زیارت مطلوب ہے۔ اچھی طرح یاد رکھو کہ اس سفر سے تمہارا مقصود اللہ تعالیٰ ہے' اسی کے گھر جا رہے ہو' اس ہی کی پکار پر' اس ہی کے شوق دلانے سے' اس ہی کے حکم سے' سارے تعلقات ترک کر کے' اس گھر کی طرف جا رہے ہو جس کی شان انتہائی عظیم ہے' جس کی زیارت کے وسیلے خود صاحبِ گھر کی زیارت تمہیں نصیب ہوگی۔ مگر امید اپنے اعمال سے نہ رکھو' بھروسہ صرف اللہ تعالیٰ کے فضل پر رکھو ----- وہ میرے ساتھ ہوگا' میری مدد کرے گا' میری دستگیری و رہنمائی کرے گا' مجھے منزل مراد تک پہنچائے گا ----- یہ کرم اس کا کیا کم ہے کہ اس سفر سے اگر تم خانہ کعبہ نہ بھی پہنچ سکو' اور راستہ ہی میں موت آجائے' تو بھی اس سے ملاقات اس حال میں ہوگی کہ تم اس کی طرف سفر میں ہو۔ پھر اس کے سارے وعدے پورے ہوں گے۔ کیا اس نے وعدہ نہیں فرمایا ہے کہ

وَمَنْ يَّخْرُجْ مِنْۢ بَيْتِهٖ مُهَاجِرًا اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ثُمَّ يُدْرِكْهُ الْمَوْتُ فَقَدْ وَقَعَ اَجْرُهٗ عَلَى اللّٰهِ ؕ (النساء : ۱۰۰)

اور جو اپنے گھر سے اللہ اور رسول کی طرف ہجرت کے لیے نکلے ' پھر راستہ ہی میں اسے موت آجائے تو اس کا اجر اللہ کے ذمے واجب ہو گیا۔

شہر سے نکل کر میقات تک سفر کرو' تو موت کے بعد جسم سے نکل کر میقاتِ قیامت تک کے سفر کے احوال یاد کرو۔ قبر کی تنہائی' اور عذاب' آگے کے اندیشے اور خطرات' منکر نکیر کے سوالات !

اے دوست ! میقات پر لبیک کہو' تو دل خوف و امید سے لرز جائے۔ یہ ربِّ کائنات کی پکار ہے جس پر تم کہہ رہے ہو کہ میں حاضر ہوں۔ کہیں یہ نہ کہہ دیا جائے کہ لالبیک ولا سعدیک' نہ تم خدمت کے لیے حاضر ہو' نہ ہمارے لیے مستعد۔ ابو سلیمان دارانیؒ کہتے ہیں' میں نے سنا ہے کہ جو شخص ناجائز مال رکھتے ہوئے حج کرتا ہے اس سے کہا جاتا ہے کہ "نہ تیرا لبیک معتبر ہے نہ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com


سعدیک' جب تک تو وہ چیز نہ واپس کردے جو دوسروں کی تیرے قبضہ میں ہے"۔ مگر انتہائی خوف کے ساتھ' پوری امید رکھو کہ وہ جواب قبول فرمائے گا۔ اپنے عمل اور طاقت پر نہ جاؤ' اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم پر تکیہ رکھو۔

اللہ تعالیٰ کی پکار پر لبیک کہو تو وہ وقت بھی یاد رکھو جب صور پھونکا جائے گا اور لوگ اٹھ کر میدانِ قیامت میں جمع ہوجائیں گے۔ سوچو کہ میں کس صف میں جاؤں گا اور میرا نامۂ اعمال کس ہاتھ میں دیا جائے گا؟ مقربین میں؟ اصحاب الیمین میں؟ یا اصحاب الشمال میں؟

اے دوست! جو حرم میں داخل ہوجاتا ہے' مامون ہوجاتا ہے۔ مکہ میں داخل ہو تو اللہ تعالیٰ کے غضب اور آگ کو یاد کرو' اور اس سے پوری امید رکھو کہ وہ تمہیں اپنے غضب اور اپنی آگ سے بھی مامون رکھے گا۔ یہ خلش بھی دل میں رہے کہ میں اس قرب کا اہل نہ ہوا تو کہیں مستحقِ غضب نہ ٹھہروں۔ مگر رحمٰن کے گھر تک پہنچ جانے کے بعد' اس کا مہمان بن جانے کے بعد' اس کے جوار میں بسیرا کرلینے کے بعد' چاہیے کہ ہر جگہ امید' خوف پر غالب رہے۔ اس کا کرم عام ہے' اور خانہ کعبہ کے شرف و عظمت کی رعایت سے آنے والے کا اکرام ہوتا ہے' اور پناہ مانگنے والے کی حرمت تلف نہیں کی جاتی۔

اے دوست! ایسا نہ ہو کہ خانہ کعبہ پر نظر پڑے' اور نگاہِ دل عظمتِ کعبہ پر نہ ہو۔ جو "البیت" کو دیکھتا ہے' وہ یہ جانے کہ گویا "ربِ البیت" کو دیکھتا ہے۔ اس کی تجلی سے ہوش و حواس ٹوٹ پھوٹ جائیں تو بھی کم ہے۔ شکر کرے کہ اس نے اس مقام تک پہنچایا' اس وقت کو یاد کرے جب چہرے اِلٰی رَبِّهَا نَاظِرَةٌ کی نعمت سے شاد کام ہوں گے' اور امید رکھے کہ آج جس طرح اس کا گھر سامنے ہے' کل اسی طرح وہ خود نگاہوں میں ہوگا۔

اے دوست! طواف کا قصد کرو' تو دل ذوق و شوق' خوف و رجا' محبت و تعظیم سے بھرا ہو۔ یہ خیال نہ کرنا کہ طواف کا مقصد صرف اتنا ہے کہ جسم بیت اللہ کا طواف کرے۔ نہیں' طواف کا برتر و اعلیٰ مقصد یہ ہے کہ دل رب البیت کا طواف کرے' یاد کا مرکز وہی بن جائے۔ خانہ کعبہ عالمِ ظاہر میں دربارِ الٰہی کا نمونہ ہے۔ ان فرشتوں کی طرح طواف کرو جو عرش کا طواف کرتے ہیں۔

حجرِ اسود کو بوسہ دو تو یہ جانو کہ اللہ تعالیٰ کے ہاتھ پر اطاعت و فرمانبرداری کی بیعت کر رہے ہو۔ حجرِ اسود' جیسا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا' یمین اللہ عز و جل فی الارض (اللہ کا داہنا ہاتھ زمین پر) ہے' یصافح بها خلقه کما یصافح الرجل اخاه (جس سے وہ اپنے بندوں سے اس طرح مصافحہ کرتا ہے جس طرح ایک آدمی اپنے بھائی سے مصافحہ کرتا ہے۔ (مسلم) یہ


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



تمہاری خوش قسمتی ہے کہ یہاں پہنچ گئے' اب ' اللہ سے وفائے عہد کے عہد کو پختہ تر کر لو' اور بے وفائی سے بچنے اور اس کے غضب سے ڈرتے رہنے کا عزم تازہ کر لو۔

اب خانہ کعبہ کا پردہ پکڑ لو' گویا کہ اللہ تعالیٰ کا دامن پکڑ رہے ہو۔ ملتزم سے چمٹ جاؤ' گویا کہ اس سے قریب ہو گئے۔ دربار پر سر رکھ دو' جیسے کوئی خطا کار دامن پکڑتا ہے' معافی کے لیے عاجزی کرتا ہے۔ یہ وقت اور مقام الحاح و زاری' توبہ و استغفار' ندامت و شوق اور رجا و خوف کا وقت اور مقام ہے۔

رو رو کر عرض کرو کہ "آپ کا دامن چھوڑ کر کہاں جاؤں' کس کے آگے ہاتھ پھیلاؤں' کس کے قدم پکڑ لوں ؟ میرا ملجا و ماویٰ آپ کے سوا کوئی نہیں۔ آپ کے کرم و عفو کے سوا میرا ٹھکانہ کوئی نہیں۔ آپ کا دامن نہ چھوڑوں گا' آپ کے در سے نہ ہٹوں گا ' جب تک آپ میری خطاؤں کو معاف نہ فرمائیں' اور آئندہ امن میں نہ رکھیں۔ آپ کریم ہیں' درِ کریم پر آیا ہوں' بصد عجز و نیاز آیا ہوں' بصد امید آیا ہوں' اگر آپ دامنِ عفو میں پناہ نہ دیں تو کہاں جاؤں' کیا کروں"۔

اے دوست ! صفا اور مروہ کے درمیان سعی کرو' تو ایک خطا کار' عاجز' ذلیل' مسکین و درماندہ غلام کی طرح جو بادشاہی محل کے صحن میں چکر لگائے۔ کبھی خلوص کا اظہار کرو شاید کہ بادشاہ نظرِ رحمت سے سرفراز کرے' کبھی اندیشے سے غم ناک ہو کہ نہ معلوم بادشاہ قبول کرے یا نہ کرے اور میرے بارے میں کیا حکم کرے۔ بار بار آؤ اور جاؤ کہ اوّل دفعہ میں رحم نہ کرے' تو دوسری دفعہ میں کر دے۔ یہ بھی خیال کرو کہ میزان کے دونوں پلڑوں کے درمیان بھی اسی طرح پھرنا ہو گا' ایک پلڑے میں نیکیاں اور دوسرے میں خطائیں ہوں گی۔ نہ معلوم کون سا جھک جائے' اسی امید و بیم میں صفا اور مروہ کے درمیان چلتے رہو۔

اے دوست ! عرفات کے میدان میں قدم رکھو تو میدانِ قیامت کا منظر یاد کرو۔ یہاں' لوگوں کا اژدہام' آوازوں کا بلند ہونا' زبانوں کا اختلاف' رنگوں کا اختلاف۔ وہاں' قیامت کے دن اوّل و آخر سب جمع ہوں گے' سب سے پوچھ گچھ ہو گی' سب کے چہروں کے رنگ مختلف ہوں گے' سب اپنے اپنے اعمال کے مطابق گروہوں میں منقسم ہو جائیں گے۔ یاد رکھو یہ وہ مقام ہے جہاں اللہ تعالیٰ کی رحمتیں نازل ہوتی ہیں۔ ان رحمتوں کو ان صالحین کے قلوب جذب کر لیتے ہیں جو ایک وقت میں ایک جگہ جمع ہو کر اللہ تعالیٰ کے حضور میں سجدہ ریز ہوتے ہیں' ذلت و مسکنت کے ساتھ گڑگڑاتے ہیں' اس کے آگے ہاتھ پھیلاتے ہیں۔ رحمتِ الٰہی کے نزول کے لیے کوئی طریقہ



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اس کے برابر نہیں کہ صالحین کی ہمتیں مجتمع ہو جائیں' اور ایک وقت میں ایک زمین پر صالحین کے قلوب ایک دوسرے کی مدد کریں۔ یہ گمان نہ کرنا کہ ان کی امیدیں پوری نہ ہوں گی' یہ محروم رہیں گے اور ان کی کوششیں بے کار جائیں گی۔ نہیں' ان پر وہ رحمت نازل ہوگی جو سب کو ڈھانپ لے گی۔ یہ وہ مقام ہے کہ قبولیت کی امید کامل ہی قبولیت کی نشانی ہے۔ بس ٹوٹ کر گریہ و زاری کرو' اور حق تعالیٰ سے مانگو۔

اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ تَسْمَعُ کَلَامِیْ وَتَرٰی مَکَانِیْ وَ تَعْلَمُ سِرِّیْ وَ عَلَانِیَتِیْ وَلَا یَخْفٰی عَلَیْکَ شَیْءٌ مِّنْ اَمْرِیْ وَاَنَا الْبَآئِسُ الْفَقِیْرُ وَالْمُسْتَغِیْثُ الْمُسْتَجِیْرُ وَالْوَجِلُ الْمُشْفِقُ الْمُقِرُّ الْمُعْتَرِفُ بِذَنْبِہٖ اِلَیْکَ اَسْأَلُکَ مَسْأَلَۃَ الْمِسْکِیْنِ وَ اَبْتَہِلُ اِلَیْکَ اِبْتِہَالَ الْمُذْنِبِ الذَّلِیْلِ وَاَدْعُوْکَ دُعَاءَ الْخَائِفِ الضَّرِیْرِ وَدُعَاءَ مَنْ خَضَعَتْ لَکَ رَقَبَتُہٗ وَ فَاضَتْ لَکَ عَبْرَتُہٗ وَذَلَّ لَکَ جِسْمُہٗ وَ رَغِمَ لَکَ اَنْفُہٗ' رَبِّ لَا تَجْعَلْنِیْ بِدُعَآئِکَ شَقِیًّا وَّکُنْ بِیْ رَءُوْفًا رَّحِیْمًا' یَا خَیْرَ الْمَسْئُوْلِیْنَ' یَا خَیْرَ الْمُعْطِیْنَ'

اے اللہ! آپ میری بات سنتے ہیں' میرا مقام دیکھتے ہیں' میرے کھلے چھپے سب کو جانتے ہیں' میرا کوئی حال' کوئی معاملہ' کوئی ضرورت آپ سے پوشیدہ نہیں۔ میں انتہائی مصیبت زدہ اور بالکل فقیر ہوں' میں آپ سے فریاد کرتا ہوں اور پناہ طلب کرتا ہوں' کانپتا ہوں اور ڈرتا ہوں' آپ کی بارگاہ میں اپنے گناہوں کا اقرار اور اعتراف کرتا ہوں۔ میرا سوال ایک مسکین کا سوال ہے' گڑگڑا رہا ہوں کہ سخت ذلیل گناہگار ہوں' آپ کو پکار رہا ہوں کہ ڈر کا مارا اور نقصان زدہ ہوں۔ میری گردن آپ کے آگے جھکی ہوئی ہے' جسم آپ کے سامنے ذلیل و رسوا ہے' ناک آپ کے سامنے خاک آلود ہے' اور آنکھوں سے آنسو بہہ رہے ہیں۔ ایسا نہ کیجیے کہ آپ سے مانگنے کے بعد میں بدبخت رہوں' مجھ کو اپنی رحمت و شفقت سے ڈھانپ لیجیے۔ اے سب سے بہتر جس سے مانگنے والا مانگے' اے سب سے بہتر عطا کرنے والے!

اِلٰھِیْ تَجَنَّبْتُ عَنْ طَاعَتِکَ عَمْدًا وَّ تَوَجَّھْتُ اِلٰی مَعْصِیَتِکَ قَصْدًا فَسُبْحَانَکَ مَا اَعْظَمَ حُجَّتَکَ عَلَیَّ وَمَا اَکْرَمَ عَفْوَکَ عَنِّیْ' فَبِوُجُوْبِ حُجَّتِکَ عَلَیَّ وَ اِنْقِطَاعِ حُجَّتِیْ عَنْکَ وَ فَقْرِیْ اِلَیْکَ وَ غِنَاکَ عَنِّیْ اِلَّا غَفَرْتَ لِیْ! یَا خَیْرَ مَنْ دَعَاہُ دَاعٍ وَّ اَفْضَلَ مَنْ رَجَاہُ رَاجٍ' بِحُرْمَۃِ الْاِسْلَامِ وَ بِذِمَّۃِ مُحَمَّدٍ عَلَیْہِ السَّلَامُ اَتَوَسَّلُ اِلَیْکَ فَاغْفِرْلِیْ جَمِیْعَ ذُنُوْبِیْ وَ اصْرِفْنِیْ عَنْ مَوْقِفِیْ ھٰذَا مَقْضِیَّ الْحَوَائِجِ وَھَبْ لِیْ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com


مَلَئْتُ وَ حَقِّقْ رِجَآءِیْ فِیْمَا تَمَنَّیْتُ !!

میرے اللہ ! میں نے جانتے بوجھتے آپ کی اطاعت سے روگردانی کی' اور نافرمانیاں کرتا رہا۔ آپ پاک ہیں۔ آپ کی حجت تو میرے خلاف بہت بڑی ہے' مگر آپ کا مجھے معاف کرنا کتنا بڑا کرم ہے۔ پس اس حال میں کہ آپ کی حجت میرے خلاف ثابت ہے اور میرے پاس آپ کے سامنے کوئی حجت نہیں' میں سراسر آپ کا محتاج ہوں اور آپ مجھ سے بے نیاز' آپ مجھے معاف ہی فرما دیجیے۔ اے سب سے بہتر جس سے مانگنے والا مانگے اور سب سے افضل جس سے امید باندھنے والا امید باندھے' اسلام کی حرمت اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا وسیلہ تیرے سامنے پیش کرتا ہوں۔ میرے سارے گناہ بخش دیجیے' اور میری ساری حاجتیں پوری کر کے مجھے اس موقف سے واپس بھیجیے' جو کچھ میں نے مانگا ہے مجھے دے دیجیے اور جس چیز کی تمنا کی ہے اس میں میری توقع پوری کیجیے۔

"اِلٰھِیْ مَنْ مَدَحَ لَکَ نَفْسَہٗ فَاِنِّیْ لَا ئِمٌ نَفْسِیْ ! اِلٰھِیْ اَخْرَسَتِ الْمَعَاصِیْ لِسَانِیْ فَمَالِیْ وَسِیْلَۃٌ مِنْ عَمَلِیْ وَلَا شَفِیْعٌ سِوَی الْاَمَلِ ! اِلٰھِیْ اِنِّیْ اَعْلَمُ اَنَّ ذُنُوْبِیْ لَمْ تُبْقِ لِیْ عِنْدَکَ جَاھًا وَلَا لِلْاِعْتِذَارِ وَجْھًا وَلٰکِنَّکَ اَکْرَمُ الْاَکْرَمِیْنَ ! اِلٰھِیْ اِنْ لَمْ اَکُنْ اَھْلًا اَنْ اَبْلُغَ رَحْمَتَکَ فَاِنَّ رَحْمَتَکَ اَھْلٌ اَنْ تَبْلُغَنِیْ وَرَحْمَتُکَ وَسِعَتْ کُلَّ شَیْءٍ وَاَنَا شَیْءٌ ! اِلٰھِیْ اِنَّ ذُنُوْبِیْ وَاِنْ کَانَتْ عِظَامًا وَلٰکِنَّھَا صِغَارٌ فِیْ جَنْبِ عَفْوِکَ فَاغْفِرْھَا لِیْ یَا کَرِیْمُ !"

میرے اللہ ! کوئی تیرے سامنے اپنی تعریف کیا کرے' میں تو اپنے کو ملامت کرتا ہوں۔ الٰہی 'گناہوں نے میری زبان گونگی کر دی' میرے پاس اپنے عمل کا وسیلہ بھی نہیں 'امید کے سوا اور کوئی سفارش کرنے والا نہیں ! الٰہی' مجھے معلوم ہے کہ میرے گناہوں نے تیرے نزدیک میری کچھ قدر باقی نہ رکھی' نہ میرا منہ ہے کہ کوئی عذر پیش کروں' لیکن تو تمام کرم کرنے والوں سے زیادہ کریم ہے ! الٰہی' اگرچہ میں اس قابل نہیں کہ تیری رحمت تک پہنچوں' مگر تیری رحمت کے تو شایان ہے کہ مجھ تک پہنچے ! الٰہی تیری رحمت ہر چیز کو شامل ہے' اور میں بھی ایک چیز ہوں ! الٰہی' اگرچہ میرے گناہ بہت بڑے ہیں' لیکن تیرے عفو کے مقابل میں تو بہت چھوٹے ہیں ! میرے گناہوں سے درگزر کر' اے کریم !

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اَللّٰھم اَنتَ اَنتَ وَ اَنَا اَنَا ، وَاَنَا العَوّا دُ اِلی الذُّنوبِ وَ اَنتَ اِلی المَغفِرَۃِ ۔ اِن کُنتَ لَا تَرحَمُ اِلاَّ اَھلَ طَاعتِکَ فَاِلٰی مَن یَفزَعُ المُذنِبُونَ

اے اللہ ' تو ' تو ہے ' اور میں ' میں ۔ میں بار بار گناہوں کی طرف پلٹتا ہوں ' تو بار بار مغفرت کی طرف ۔ میرے اللہ ' اگر تو اپنے اطاعت کرنے والوں ہی پر رحم کرے ' تو گناہگار کس کی طرف جائیں گے ۔

اے دوست ! کنکریاں مارنے میں نہ تو نفس کو کوئی مزہ ہے نہ عقل کو۔ اپنے نفس کو اور اپنی عقل کو اللہ تعالیٰ کے حکم کے آگے سرنگوں کردو۔ غلامی اور بندگی میں نفس و عقل کے لیے لذت بس تعمیلِ ارشاد میں ہوتی ہے۔ تعمیلِ ارشاد ہی سے دل میں اللہ کی یاد قائم ہوتی ہے۔ اقامتِ ذکر اللہ ہی کے لیے طواف ہے' سعی ہے' رمی جمار ہے۔ ( ابوداؤد' ترمذی بروایت عائشہؓ)

قربانی بھی اطاعت امر کا اظہار ہے' اسی لیے باعثِ تقرب ہے۔ اللہ سے امید رکھو کہ قربانی کے ہر جز کے بدلے تمہارے ہر جز کو آگ سے آزاد کرے گا۔

پس اے دوست ! سفر حج کے ہر قدم پر سفرِ آخرت کو یاد کرو ' اور اس سفر کے لیے زادِ راہ جمع کرو ' تاکہ کل تم رب کعبہ کے انعامات سے سرفراز رہو ' اور اس کی زیارت سے شاد کام !

( احیاء العلوم' جلد اوّل سے ماخوذ : خرم مراد )

---

بقیہ از صفحہ ۱۰۲

معاشرے کی تعمیر و ترقی کے لیے مثبت کردار سرانجام دینے کے قابل بناتا ہے۔ یہ تصور انسان کو ذمہ داری کا شعور و احساس دلاتا ہے۔ اور اپنی ملکیت و کمائی میں دوسرے لوگوں اور پورے معاشرے کے حقوق کو تسلیم کرنے اور خوشدلی و رضا مندی سے انہیں ادا کرنے کا جذبہ پیدا کرتا ہے۔ اور اپنے تمام معاشی تعلقات و معاملات کے سلسلے میں اپنے ضمیر' عوام' عدالت اور مالکِ حقیقی کے سامنے مسئول و جوابدہ قرار دیتا ہے۔ اس سے پورے عالمِ انسانیت کی ترقی و خوشحالی' فلاح و بہبود اور نجات و کامیابی کا علمبردار' نہایت عادلانہ اور منفرد معاشی نظام معرض وجود میں آجاتا ہے' جس کا نام اسلام ہے۔ جو ایک عالمی اور جہانی نظریہ ہے۔ لغوی معانی کے اعتبار سے اس کا تقاضا اطاعت و فرمانبرداری اور اس کا نتیجہ امن و سلامتی ہے۔

---

۱۔ تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو' نجات اللہ صدیقی' اسلام کا نظریہ ملکیت ۱: ۲۹۰

۲۔ ایضاً



© rasailojaraid.com